مسائل جلیلہ کے تذکرے پر مشتمل ہے۔ باب چہارم مراجع و مصادر کو لئے ہوئے ہے (جس کو ابواب کی تقسیم میں شامل کرنا توجہ طلب ہے) کتاب میں کمپوزنگ کی غلطیاں بھی ملتی ہیں۔ اس کے علاوہ کتاب کو علمائے برصغیر کی خدمات پر مشتمل ہونے کی بنا پر ''برصغیر میں علمائے اہلحدیث کی خدمات'' سے منسوب کرنا بہتر معلوم ہوتا ہے۔

بہر حال عبدالرشید عراقی صاحب کی اس سلسلہ میں کاوش قابل تحسین ہے۔ امید کرتے ہیں ہیں کہ آئندہ وہ علمائے اہلحدیث کی تفسیری خدمات پر مفصل کتاب ھدیہ قارئین کریں گے۔

مکتبہ قدوسیہ کا کتاب کو مضبوط، خوبصورت جلد کے ساتھ مارکیٹ میں لانا قابل ستائش ہے۔ امید ہے تاریخ سے شغف رکھنے والے حضرات کیلئے یہ کتاب مفید ثابت ہوگی۔

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے متعلق شبہات کی حقیقت

مرتبہ: پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی حفظہ اللہ

صفحات: 89 قیمت: 45

تبصرہ نگار: عابد محمود قدوسی

ملنے کا پتہ: مکتبہ قدوسیہ رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔

پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی صاحب حفظہ اللہ کی شخصیت دینی و علمی حلقوں میں محتاج تعارف نہیں۔ آپ جہاں متبحر عالم دین ہیں وہاں پیکر عمل و فضل۔ موجودہ حالات میں جبکہ امت بگاڑ کا شکار ہے اہل اسلام پر دعوت و اصلاح کی ذمہ داری مزید بڑھ گئی ہے۔ مگر افسوس! ہم اس فریضہ کی ادائیگی میں سستی اور کاہلی کے شکار ہیں بلکہ اکثر اس جانب توجہ مبذول کرانے پر ان فقرات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ''چھڈو جی! سانوں کی لگے'' یا ''ہم دخل اندازی کر کے دشمنی کیوں مول لیں''۔ وغیرہ وغیرہ جو کہ اس کی اہمیت سے لاعلمی اور ان شکوک وشبہات پر مبنی ہوتے ہیں۔ جو اس ضمن میں پائے جاتے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب میں انہی بنیادی شبہات کا ازالہ کتاب وسنت کی روشنی میں کیا گیا ہے۔ کتاب کی تقسیم پانچ حصوں پر مشتمل ہے جو کہ کچھ اس طرح ہے۔ ☆ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا شخصی آزادی سے ٹکراؤ۔ ☆ دوسروں کی گمراہی کا ہم پر کوئی گناہ نہ ہونا۔ ☆ اپنی کوتاہیوں کے سبب احتساب چھوڑنا۔ ☆ خوف فتنہ کے باعث احتساب ترک کرنا۔ ☆ لوگوں کے نہ ماننے کی بنا پر احتساب نہ کرنا۔

اگرچہ کہ کتاب مندرجہ بالا پانچ اشکالات کے جوابات پر مشتمل ہے لیکن اس ضمن میں بہت سے علمی نکات اور مباحث جمع ہو گئی ہیں۔ مثلاً شخصی آزادی کا اسلامی تصور وغیرہ اور یوں یہ افادۂ عام کا درجہ رکھتی ہے۔ خصوصاً داعیان اسلام کیلئے اسکا مطالعہ ازحد ضروری ہے۔

ادارہ تبلیغ اسلام جام پور کی طرف سے اہم اعلان
دس کتابیں مفت منگوائیں

ادارہ تبلیغ اسلام جام پور اشاعت دین کا عظیم مرکز ہے۔ اس کی طرف سے اسلامی لٹریچر چھپوا کر بڑے پیمانے پر مفت تقسیم کیا جاتا ہے۔ حال ہی میں ادارہ کی طرف سے مندرجہ ذیل دس کتابیں چھپوائی گئی ہیں جو زیر تقسیم ہیں:

۱۔ رشوت معاشرے کا خطرناک کینسر	۲۔ اسلامی داڑھی کا مقام
۳۔ پیارے نبی ﷺ کی پیاری دعائیں۔	۴۔ بدعت کی حقیقت
۵۔ اسلام اور اہلحدیث ۶۔ اصول دین	۷۔ ضرب محمدی
۸۔ ننگے سر نماز ۹۔ مسائل زکوٰۃ	۱۰۔ صیام رمضان

ادارہ

خواہشمند حضرات مبلغ پچیس (25) روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر مفت طلب فرمائیں۔

ادارہ کی طرف سے: اہلحدیث کے امتیازی مسائل پر مشتمل سات اشتہارات کا مکمل سیٹ صرف 12 روپے کی ڈاک ٹکٹ بھیج کر منگوائیں اور فریم کروا کر اپنے زیر انتظام مساجد و مراکز میں آویزاں کریں۔ ضروری نوٹ: فریم کروا کر آویزاں کرنے کا تحریری وعدہ آنا ضروری ہے۔

نوٹ: لٹریچر کی ترسیل پندرہ شعبان تک جاری رہے گی۔ ان شاء اللہ

محمد یاسین راہی، مدیر ادارہ تبلیغ اسلام

جام پور ضلع راجن پور پنجاب پاکستان، فون: 0641-567218